© rasailojaraid.com



قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا۔

مولانا ایک متبحر عالم دین تھے۔علم انھیں مستحضر تھا۔انتہائی سادہ، شگفتہ، ہنس مکھ اور بے تکلف طبیعت کے مالک تھے۔تقویٰ اُن کا اوڑھنا بچھونا تھا۔وسیع المطالعہ تھے لیکن علم نے اُن میں عجز وانکسار اور حلم ووقار پیدا کر دیا تھا۔اُن کے انتقال سے قحط الرجال میں اضافہ ہوا ہے۔پسماندگان میں پانچ بیٹے، چار بیٹیاں اور ایک بیوہ ہے۔حق تعالیٰ اُن کی مغفرت اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، جنرل سیکرٹری عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری نے پسماندگان سے اظہارِ تعزیت اور دعاءِ مغفرت کی ہے۔

## شیخ الحدیث مولانا شریف اللہ رحمۃ اللہ علیہ:

جید عالمِ دین، مفسر ومحدث اور علمِ میراث کے ماہر تھے۔رحیم یار خان کی نواحی بستی مولویان میں پیدا ہوئے اور اسی بستی میں اپنے والد مولانا عبدالرحیم فاضل دارالعلوم دیوبند کے قائم کردہ مدرسہ شمس العلوم میں تعلیم حاصل کی۔بعد میں رحیم یار خان میں مدرسہ قائم کیا۔حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ، جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابوذر بخاریؒ، ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاریؒ، اکابرِ احرار اور اکابر علماء دیوبند سے گہری عقیدت ومحبت تھی۔ابناء امیر شریعت مجلس احرار اسلام کے سالانہ تبلیغی جلسوں میں خطاب کے لیے رحیم یار خان تشریف لاتے تو بستی مولویان میں ہی قیام ہوتا۔مولانا شریف اللہ اُن سے ملنے ضرور تشریف لاتے۔سرپرستی اور دعاؤں سے نوازتے۔۲۷؍ رجب ۱۴۳۱ھ مطابق ۱۰؍جولائی ۲۰۱۰ء کو انتقال فرما گئے۔حق تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے، دینی خدمات وحسنات قبول فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔(آمین) ابن امیر شریعت، قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ اور دیگر احرار رہنماؤں نے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مولانا کی مغفرت اور بلندیٔ درجات کی دعا کی ہے۔

## مولانا قاضی عبدالحلیم رحمۃ اللہ علیہ:

حضرت مولانا قاضی عبدالکریم (کلاچی، ڈیرہ اسماعیل خان) کے فرزند ارجمند اور دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے فاضل تھے۔مئی ۲۰۱۰ء میں انتقال فرما گئے۔مرحوم ایک علمی دینی گھرانے میں پیدا ہوئے۔علم دین وراثت میں ملا۔تمام عمر تدریس وتعلیم دین میں صرف کی۔اُن کے اچانک انتقال سے جہاں اُن کے خاندان کو شدید صدمہ پہنچا وہاں حلقۂ علماء میں ایک بڑا خلا پیدا ہو گیا۔اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت اور دینی خدمات قبول فرما کر حسنِ آخرت کا معاملہ فرمائے۔(آمین)

## مولانا قاضی عبداللطیف رحمۃ اللہ علیہ:

جیّد عالمِ دین، مدرس، خطیب اور سیاسی رہنما مولانا سمیع الحق مدظلہ کی جمعیت علماء اسلام کے سرگرم قائد ورہنما تھے۔متعدد بار پارلیمنٹ کے رکن منتخب ہوئے۔اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن رہے۔سینٹ میں معروف شریعت بل پیش کیا۔کلاچی، ڈیرہ اسماعیل خان سے پرچمِ اسلام لے کر اٹھے اور ایوانِ اقتدار میں پہنچے۔پاکستان میں نفاذِ اسلام کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جدوجہد میں اُن کی خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔ ۱۴ر جولائی ۲۰۱۰ء کو کلاچی میں انتقال فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اُن کے حسنات قبول فرما کر درجات بلند اور مغفرت فرمائے۔ (آمین)

**اہلیہ مرحومہ، سالار عبدالعزیز رحمہ اللہ:**

مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے قدیم احرار کارکن سالار عبدالعزیز مرحوم کی اہلیہ مرحومہ ۷ر رمضان ۱۴۳۱ھ مطابق ۱۸ر اگست ۲۰۱۰ء کو سیالکوٹ میں انتقال کر گئیں۔ اُن کی تدفین فیصل آباد میں اُن کے آبائی گاؤں میں ہوئی۔ سالار عبدالعزیز مرحوم اور اُن کی اہلیہ مرحومہ نے مجلس احرار اسلام کے لیے بڑی خدمت انجام دیں۔ احرار کارکن انھیں خالہ جی کہتے۔ اُن کے ایک ہی بیٹے تھے محمد خالد۔ وہ بھی جواں مرگ ہو گئے۔ ایک پوتا محمد معاویہ ہے جو اپنی دادی اماں مرحومہ کی آنکھوں کی ٹھنڈک تھا۔ دادی مرحومہ نے اپنے پوتے میں بھی احرار کا فکر و جذبہ منتقل کیا۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت، حسنات قبول اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

- ملتان میں ہمارے جواں فکر رفیق بھائی عبدالقادر کی والدہ ماجدہ مرحومہ، انتقال: ۲۸ر شعبان ۱۴۳۱ھ مطابق ۱۰ر اگست ۲۰۱۰ء بروز منگل۔
- مجلس احرار اسلام ملتان کے معاون جناب محمد علی کی اہلیہ مرحومہ، انتقال: ۵ر رمضان ۱۴۳۱ھ مطابق ۱۶ر اگست ۲۰۱۰ء بروز پیر
- چیچہ وطنی میں حاجی عبدالرزاق ڈوگر کے برادرِ نسبتی حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر کے ماموں محمد طفیل ڈوگر ۷ر رمضان المبارک کو انتقال فرما گئے۔ نمازِ جنازہ چک نمبر ۴۷۔۱۲، ایل میں قاری محمد قاسم نے پڑھائی۔
- مسجد احرار چناب نگر کے خادم حافظ محمد علی کے والد ماجد ۵ر اگست کو اور دو ماموں محمد حسن ۲۹ر جون اور محمد منظور ۲۴ر اگست کو انتقال کر گئے۔ حافظ صاحب کے پورے خاندان کے لیے یکے بعد دیگرے مسلسل اموات بہت گہرے صدمات ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے۔ حافظ صاحب اور تمام پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین) قارئین سے دعاءِ مغفرت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

## دعائے صحت

- مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف چیمہ کی والدہ محترمہ اور بھائی حبیب اللہ چیمہ علیل ہیں۔

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com